سال سوم

کاسٹنگ کے ابتدائی اصول

مفوضہ کام-1

(اکائی 1 تا 6)

حصہ الف

درجہ ذیل سے کوئی دو سوالات کے جواب 30 سطروں میں لکھئے۔ (2x10=20)

1۔ کاسٹ اکاونٹنگ کی تعریف کیجئے اور اسکے مقاصد اور تنصیب و امکانی مشکلات کو بیان کیجئے۔

2۔ کاسٹنگ کے طریقوں کو واضح کیجئے۔

3۔ ذیل کے مواد کی بنیاد پر اسٹاک کی اوسط سطح کی تحسیب کیجئے۔

a) دوبارہ آرڈر کی سطح b) اسٹاک کی کم ترین سطح c) اسٹاک کی بیش ترین سطح

دوبارہ آرڈنگ مقدار=30,000، ڈیلیوری کیلئے درکار مدت = دو تا چار ماہ، بیش ترین صرف 8,000 اکائیاں ماہانہ،

نارمل صرف 5000 اکائیاں، کم ترین صرف 3000 اکائیاں ماہانہ

4۔ احمد اینڈ سنس کے لئے ماہ اپریل 2018 کے اکاونٹ میں ذیل میں دی گئی خریدی اور اجرائی عمل میں آئی۔ اس مواد کی بنیاد پر اوزانی اوسط قیمت کاری طریقہ پر اسٹور لیجر اکاونٹ تیار کیجئے۔

تاریخ	خریدیاں	شرح قیمت (روپیوں میں)	اجرائیاں (اکائیوں میں)
یکم اپریل	1000	10.00	--
7/اپریل	600	10.20	--
12/اپریل	---	----	1200
17/اپریل	400	10.40	--
26/اپریل	--	--	600
28/اپریل	1000	10.20	--
30/اپریل	--	--	400

حصہ ب

درجہ ذیل سے کوئی دو سوالات کے جواب دیجئے ہر جواب 15 سطروں سے زائد نہ ہو۔ (2x5=10)

5۔ لیبر ٹرن اوور کیا ہے اسکی وجوہات بیان کیجئے۔

6۔ اجرت کی ادائی کے طریقوں کو بیان کیجئے۔

7۔ کسی کام کی تکمیل کے لئے 100 گھنٹے معیاری اوقات کے طور پر طئے یا منظور کئے گئے اور فی گھنٹہ اجرتوں کی شرح 20% روپے ہے۔ ورکروں کی جانب سے کام کی تکمیل کیلئے 80 گھنٹے صرف کئے گئے ہیں۔ ذیل میں دیئے گئے طریقوں کے مطابق ورکر کی جملہ اجرتوں کی تحسیب کیجئے۔

i۔ وقتی شرح Time Rate ii۔ پارچہ دار شرح Piece Rate iii۔ ہالسے پلان Halsay Plan iv۔ روون پلان Rovan Plan

8۔ منظورہ معیاری وقت فی گھنٹہ دس اکائیاں۔ نارمل پارچہ شرح -/20 روپئے، تفرقی پارچہ شرح، کم معیاری پیداوار کے لئے پارچہ شرح 80%۔ معیاری پیداوار کیلئے پارچہ شرح کا 120%

ورکر A یومیہ 8 گھنٹے میں 75 اکائیاں تیار کرتا ہے

ورکر B یومیہ 8 گھنٹے میں 100 اکائیاں تیار کرتا ہے

سال سوم

کاسٹنگ کے ابتدائی اصول

مفوضہ کام-2

(اکائی 7 تا 13)

حصہ الف

درجہ ذیل سے کوئی دو سوالات کے جواب 30 سطروں میں لکھئے۔ (2x10=20)

1۔ بالائی اخراجات کی درجہ بندی کو تفصیل سے بیان کیجئے۔

2۔ ایک فرم کے لاگت کاری ریکارڈ سے درج ذیل معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

کرایہ -/8000 روپئے نگہداشت ونگرانی -/4800 روپئے فرسودگی -/2600 روپئے لائیٹنگ -/800 روپئے بیمہ -/4000 پرواویڈنٹ میں آجر کا حصہ ادائی -/1200 روپئے توانائی -/7200 روپئے۔ پانی وگیس -/12000 روپئے۔

	پیداواری شعبہ		خدماتی شعبہ	
	A	B	A	B
فرش کا حصہ (مربع فٹ)	300	220	180	100
مزدوروں کی تعداد	48	32	24	16
جملہ راست اجرتیں (روپیوں میں)	32000	24000	16000	8000
مشنری کی قیمت (روپیوں میں)	96000	72000	48000	24000
مال کا اسٹاک	60000	36000	24000	----

مختلف شعبوں پر لاگتوں کا بٹوارہ کا تختہ تیار کیجئے۔

3۔ ماہ جولائی کیلئے مشینی گھنٹہ کی شرح معلوم کیجئے۔

مشین کی لاگت -/128000 روپئے اسکراپ کی قیمت -/8000 روپئے، کارکردمدت کیلئے مرمت اوردیکھ -/20000 کی ضروپئے ماہ جولائی کیلئے اس مشین پر اسٹانڈنگ اخراجات، 4000 روپئے مشین کی صرف کردہ برقی 1.20 روپئے فی یونٹ 48000 روپئے یہ مشین فی گھنٹہ برقی کے دس یونٹ صرف کرتی ہے۔

4۔ لاگت کھاتوں اور مالیاتی کھاتوں میں مصالحت کی ضرورت اور فرق کے اسباب تفصیل سے بیان کیجئے۔

حصہ ب

درجہ ذیل سے کوئی دو سوالات کے جواب دیجئے ہر جواب 15 سطروں سے زائد نہ ہو۔ (2x5=10)

5۔ جاب لاگت کاری کیا ہے؟ تعریف اور خصوصیات بیان کیجئے۔

6۔ جاب کاسٹنگ اور پراسیس کاسٹنگ کے درمیان فرق بتائیے۔

7۔ ایک پراسیس میں 1200 اکائیاں ہیں 24000 روپئے کی لاگت پر داخل کروائی گئیں پراسیس کے لئے 6000 روپئے کے زائد اخراجات برداشت کئے گئے۔ ماضی کے تجربات اور تکنیکی تخمینہ جات سے نارمل داخلات 900 اکائیاں تھیں۔ پراسیس اکاونٹ تیار کیجئے اور بتائیے کہ غیر نارمل نقصان سے کھاتوں میں کیسا طرز عمل اختیار کیا جائے۔

8۔ ایک فیکٹری جاب کاسٹنگ استعمال کرتی ہے 31 ڈسمبر 2018 کو ختم ہونے والے سال سے متعلق اسکی کتابوں سے درج ذیل اعداد وشمار حاصل کئے گئے ہیں۔

راست خام مال -/90000 روپئے راست اجرتیں -/75000 روپئے نفع -/60900 روپئے فروخت کاری اور تقسیم کے بالائی اخراجات -/52500 روپئے نظم ونسق کے بالائی اخراجات -/42000 روپئے فیکٹری کے بالائی اخراجات -/45000۔